www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **October/November 2008**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جا سکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصّے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصّے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

اپنے جواب **اردو** میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

SP (CW/TL) T57350/4
© UCLES 2008
UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE International Examinations

**[Turn over**

www.PapaCambridge.com

## Section 1

**1** *Muntakhab Ghazlein*

## ۱۔ منتخب غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

سینۂ و دل حسرتوں سے چھا گیا — بس ہجوم یاس ! جی گھبرا گیا
تجھ سے کچھ دیکھا نہ ہم نے جز جفا — پر وہ کیا کچھ ہے، کہ جی کو بھا گیا
کھل نہیں سکتی ہیں اب آنکھیں مری — جی میں یہ کس کا تصور آ گیا
میں تو کچھ ظاہر نہ کی تھی جی کی بات — پر مری نظروں کے ڈھب سے پا گیا
مٹ گئی تھی اس کے جی سے تو جھجک — دردؔ کچھ کچھ بک کے تو چونکا گیا

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** کیا آپ کے خیال میں مندرجہ بالا غزل دردؔ کی صوفیانہ شاعری کی صحیح عکاسی کرتی ہے؟

یا

(ب) ''غالبؔ نے اپنی شاعری میں زندگی کے ہر پہلو کا احاطہ کیا ہے''۔
اشعار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

**2** *Muntakhab Nazmein*

www.PapaCambridge.com

## منتخب نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

ہیں مرد اب وہی کہ جنہوں کا ہے فن درست    حرمت انہوں کے واسطے جن کا چلن درست
رہتا نہیں کسی کا سدا مال و دھن درست    دولت رہی کسی کی نہ باغ و چمن درست

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

دنیا میں اب انہوں کے تئیں کہیے بادشاہ    جن کے بدن درست ہیں دن رات سال و ماہ
جس پاس تندرستی و حرمت کی ہو سپاہ    ایسی پھر اور کون سی دولت ہے واہ واہ

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

گر دولتوں سے اس کا بھرا ہے تمام گھر    بیمار ہے تو خاک سے بدتر ہے سب وہ زر
ہو تندرست گرچہ یہ مفلس ہے سر بسر    پھر نہ کسی کا خوف نہ ہرگز کسی کا ڈر

جتنے سخن ہیں سب میں یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** ” نظم گوشاعری میں نظیر اکبر آبادی ایک منفرد انداز کے حامل ہیں۔ مندرجہ بالا نظم کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ”فیض“ کی شاعری میں ظلم کے خلاف احتجاج کو مرکزی حیثیت حاصل ہے“۔
اشعار کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔

[25]

**3** *Urdu Ké Tera Afsané*

# اردو کے تیرہ افسانے

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

''ارے تھم جا۔اجڑ گئے''۔ماں نے برہم ہو کر کہا۔'' مجھے انتظار دکھاتا ہے اور اب آپ ایک پل بھی تو نہیں ٹھہر سکتا''۔ کواڑ کے باہر گھمنڈی کے کانوں پر لپٹے ہوئے مفلر کو چیرتے ہوئے ماں کے یہ الفاظ گھمنڈی کے کانوں میں پہنچے ''۔۔۔۔اجڑ گئے۔۔۔۔'' ماں کی یہ گالی گھمنڈی کو بہت پسند تھی۔

(i) اس عبارت کی روشنی میں ماں اور بیٹے کے درمیان رشتے کے بارے میں کیا تاثر ملتا ہے؟

(ii) خاوند اور اولاد ہونے کے باوجود بڑھیا کو کوکھ جلی کہنے کا کیا مقصد ہے؟

یا

(ب) ''شطرنج کے کھلاڑی'' میں جن مسائل کا تذکرہ کیا گیا ہے، کیا آج کل کے معاشرے میں بھی وہ مسائل موجود ہیں؟ تفصیل سے بحث کیجیے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

## Section 2

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Ruswa

### ۴۔امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) ''امراؤ جان ادا نے طوائف بننے کے بعد بھی زندگی کے تمام مراحل میں وقار اور عزم کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔''
واقعات کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''مرزا رسوا کی تحریر 'امراؤ جان ادا' صرف اہل ادب کے ذوق کی تسکین کرتی ہے''۔ تبصرہ کیجیے۔ [25]

**5** *Aangan*, Khadijah Mastoor

### ۵۔آنگن، خدیجہ مستور

(الف) ''خدیجہ مستور نے '' آنگن'' میں تقسیم اور اس کی جدوجہد کی عکاسی بڑے خوبصورت انداز میں کی ہے''۔
یہ بیان کس حد تک درست ہے۔

یا

(ب) آپ کی رائے میں خدیجہ مستور '' آنگن'' میں گھریلو عورتوں کے جذبات کی عکاسی صحیح طریقے سے کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں یا نہیں۔ تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔ [25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔انار کلی، امتیاز علی تاج

(الف) ڈرامہ انار کلی میں فرض اور محبت کی کشمکش پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) آپ کے خیال میں ''انار کلی'' کے دو مرکزی کردار کون کون سے ہیں۔ وجوہات دے کر اپنے جواب کی وضاحت کریں۔ [25]

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Questions 1 – 6 © Salim Akhtar; *Naya Urdu Nisaab*; Sang-e-Meel; 2003.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of